This question paper contains 4 printed pages.]

Your Roll No. ....

6005

Concurrent Course for Honours Prog. A

(Qualifying Course)

URDU LANGUAGE

(HIGHER)

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 2 Hours **Maximum Marks : 50**

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

1. ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : 10

(الف)

برس کی اخیر رات کو ایک بڑھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراونی اور اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے۔ بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ہے۔ آندھی بڑے زور سے چلتی

ہے۔ دل کانپتا ہے اور دم گھبراتا ہے۔ بڑھا نہایت غمگین ہے۔ مگر اس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے، نہ اکیلے پن پر اور نہ اندھیری رات اور بجلی کی کڑک اور آندھی کی گونج پر اور نہ برس کی آخیر رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے اور جتنا زیادہ یاد کرتا ہے اتنا ہی زیادہ اس کا غم بڑھتا ہے۔

(ب)

ان کے بعد ایک بڑی بھیڑ آئی کہ جس کی تعداد کا شمار نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ یہ عاشقوں کا گروہ ہے۔ ان کے سر پر دورِ آہ کی گٹھڑیاں تھیں کہ ان ہی میں آہوں کے تیرِ خیالی اور نالوں کے نیزۂ وبالی دبے ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ لوگ مارے بوجھ کے اس طرح درد سے آہیں بھرتے تھے گویا اب سینے ان کے پھٹ جائیں گے، لیکن تعجب یہ ہے کہ جب اس انبار کے پاس آئے، تو اتنا نہ ہو سکا کہ ان بوجھوں کو سر سے پھینک دیں۔ کچھ کچھ جدوجہد سے سر ہلایا مگر جس طرح لدے ہوئے تھے، اُسی طرح چلے گئے۔

2. ذیل کے شعری اقتباسات میں سے **ایک** کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ 10

(الف)

آج پھر قافلۂ عشق رواں ہے کہ جو تھا - وہی میل اور وہی سنگِ نشاں ہے کو جو تھا

تمہیں قسم ہے، قسم نیم وا نگاہوں کی - مژہ نہ اور جھکاؤ بڑی اُداس ہے رات

سیدھی ہے راہِ شوق یہ یوں ہی نہیں کہیں - خم ہو گئی ہے گیسوئے دلدار کی طرح

جاؤ تم اپنے بام کی خاطر ساری لویں شمعوں کی کتر لو - زخم کے مہروماہ سلامت حُسنِ چراغاں تم سے زیادہ

(ب)

ہے بھیگ چلی رات پُر افشاں ہے قمر بھی
ہے بارش کیف اور ہوا خواب اثر بھی
اب نیند سے جھکنے لگیں تاروں کی نگاہیں
نزدیک چلا آتا ہے ہنگامِ سحر بھی
میں اور تم اس خواب سے بیزار ہیں دونوں
اس رات سرِ شام سے بیدار ہیں دونوں

3. عصمت چغتائی کے افسانے ''بھول بھلیاں'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ 10

یا

راجندر سنگھ بیدی کی ناول نگاری پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

4. ذیل میں سے کسی **ایک** پر مضمون لکھیے : 20

(الف) کمپیوٹر آج کی اہم ضرورت

(ب) میرا پسندیدہ شاعر

(ج) عید کی خوشی

یا

ذیل کی عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجیے :

My five year old daughter Mini cannot live without chattering. I really believe that, in all her life, she has not wasted a minute in silence. Her mother is often angry at this, and would like to stop the talking but I would not.